ڈائریکٹرز کی رپورٹ برائے اشتمالی مالیاتی گوشوارے

اوایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ (   ) کے ڈائریکٹران بمسرت معہ گروپ کے آڈٹ شدہ اشتمالی مالیاتی گوشوارے برائے اختتام سال 30 جون 2023 پیش کرتے ہیں۔ گروپ درج ذیل پر مشتمل ہے:

- اوایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ (   )۔ ہولڈنگ کمپنی
- اوایل پی مضاربہ (   )۔ ذیلی کمپنی
- اوایل پی سروسز پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (   )۔ ذیلی کمپنی

اختتام سال 30 جون 2023 کیلئے اوایل پی کی کارکردگی کا احاطہ کرتی ڈائریکٹران کی رپورٹ صفحہ نمبر 18 پر پیش کی گئی ہے۔ جس میں کاروباری جائزہ، اوایل پی کی آپریشنل کارکردگی، مستقبل کے امکانات اور اوایل پی پر دیگر معلومات شامل ہیں۔ مذکورہ بالا رپورٹ کے مندرجات کو اس رپورٹ کے ساتھ پڑھا جائے، جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 227 اور سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے قواعد وضوابط 2019 کی رو سے ڈائریکٹرز کی رپورٹ کا لازمی حصہ ہیں۔

گروپ کے نتائج

گروپ کے اشتمالی مالیاتی نتائج مختصراً درج ذیل ہیں:

2022	2023	
------- روپے -------		
1,469,848,815	2,163,839,362	قبل از محصول (ٹیکس) منافع
535,855,603	875,952,271	محصولات (ٹیکس)
933,993,212	1,287,887,091	بعد از محصول (ٹیکس) سال کا منافع
854,585,497	1,194,688,135	ہولڈنگ کمپنی کے ایکوئٹی شیئر ہولڈرز کیلئے منافع
79,407,715	93,198,956	اقلیتی شیئر ہولڈرز کے لئے منافع
4.87	6.81	فی شیئر آمدنی۔ بنیادی اور رقیق شدہ
44,110,519	60,536,640	تخصیص قانونی ریزرو میں منتقلی

شیئر ہولڈنگ کا طرز

شیئر ہولڈنگ کا طرز اور متعلقہ معلومات بمطابق 30 جون 2023 صفحہ نمبر 246 پر پیش کردی گئی ہیں۔

اشتمالی مالیاتی گوشواروں پر مبنی مالیاتی اور عملی کارکردگی

گروپ کا اشتمالی منافع بعد از محصول (ٹیکس) برائے اختتام سال 30 جون 2023 ، 1,194 ملین روپے تھا (2022: میں 934 ملین روپے) اور فی حصص آمدنی 6.81 روپے (جون 2022: 4.87 روپے)۔ OM سے 128.8 ملین روپے منافع (2022: میں 111.5 ملین روپے)۔ جبکہ OSP سے 27.4 ملین روپے نقصان ہوا (2022: میں 27.9 ملین روپے نقصان)۔ اوایم میں 80 فیصد ایکوئٹی اقلیتی حصص یافتگان کی ہے۔ اور اس طرح، اوایم کے منافع میں 103.0 ملین روپے (89.2:2022 ملین روپے) اقلیتی حصص یافتگان کا حصہ ہے۔

بورڈ کی جانب سے

شاہین امین
چیف ایگزیکٹیو آفیسر

نسیم حیدر
ڈائریکٹر

15 ستمبر 2023